# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 13 اگست 2018ء بمطابق یکم ذی الحج 1439 ہجری صبح دس بجکر باون منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب صدر نشین، سردار اورنگزیب مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسْتَخْلِفَنَّھُمْ فِی الْاَرْضِ کَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ وَلَیُمَکِّنَنَّ لَھُمْ دِیْنَھُمُ الَّذِی ارْتَضٰی لَھُمْ وَلَیُبَدِّلَنَّھُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِھِمْ اَمْنًا ط یَعْبُدُوْنَنِیْ لَا یُشْرِکُوْنَ بِیْ شَیْئًا ط وَمَنْ کَفَرَ بَعْدَ ذٰلِکَ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْفٰسِقُوْنَ O وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَ اٰتُوا الزَّکٰوۃَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ O لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مُعْجِزِیْنَ فِی الْاَرْضِ ج وَمَاْوٰھُمُ النَّارُ ط وَلَبِئْسَ الْمَصِیْرُ۔

(ترجمہ): (اے مجموعہ امت) تم میں جو لوگ ایمان لائیں اور نیک عمل کریں (یعنی اللہ کے بھیجے ہوئے نور ہدایت کا کامل اتباع کریں) ان سے اللہ وعدہ فرماتا ہے کہ (ان کو اس اتباع کی برکت سے زمین میں حکومت عطا فرمائے گا جیسا ان سے پہلے (اہل ہدایت) لوگوں کو حکومت دی تھی اور مقصود اس حکومت دینے سے یہ ہوگا کہ جس دین کو اللہ نے ان کیلئے پسند کیا ہے اس کو ان کے نفع آخرت کیلئے قوت دے گا اور ان کو جو دشمنوں سے طبعی خوف ہے ان کے اس خوف کے بعد اس کو امن سے بدل دے گا بشرطیکہ میری عبادت کرتے رہیں میرے ساتھ کسی قسم کا شرک نہ کریں یہ وعدہ اللہ کا مشروط ہے دین پر پوری طرح ثابت قدم رہنے کے ساتھ اور جو شخص بعد اس وعدہ کے ناشکری کرے گا تو ایسے شخص کیلئے یہ وعدہ نہیں کیونکہ یہ لوگ نافرمان ہیں اے مسلمانو جب ایمان اور عمل صالح کے دنیاوی اور دینی فائدے سن لیئے تو تم کو چاہیے خوب نماز کی پابندی کرو زکوۃ دیتے رہو اور حکم رسول پر چلو تاکہ تم پر رحم ہو نہ خیال کر کہ یہ جو کافر ہیں تھکا دیں گے بھاگ کر ملک میں اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بری جگہ ہے پھر جانے کی۔ صَدَقَ اللّٰہُ الْعَظِیم۔

## حلف وفاداری/رکنیت

جناب صدر نشین: معزز اراکین اسمبلی! میں اپنی طرف سے اور صوبائی اسمبلی کے عملے کی جانب سے آپ سب کو اس معزز ایوان کا رکن منتخب ہونے پر دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اسمبلی کے اس افتتاحی اجلاس میں آپ کی شرکت کا خیر مقدم کرتا ہوں۔ تلاوت کلام مجید و ترجمہ کے بعد آج کی کارروائی کا اہم حصہ حلف ہوتا ہے، آئین کے آرٹیکل 65 مع آرٹیکل 127 اور اس ایوان کے قواعد انضباط وطریقہ کار کے قاعدہ نمبر 6 کے مطابق معزز اراکین کا حلف اٹھانا اور متعلقہ رجسٹر میں دستخط ثبت کرنا لازمی ہے۔ جملہ معزز اراکین ایک ساتھ حلف اٹھا سکتے ہیں، حلف نامہ اردو، پشتو اور انگریزی ہر سہ زبانوں میں اٹھا سکتے ہیں، حلف نامے کی کاپی آپ کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ حلف اٹھانے کے بعد معزز اراکین Roll of Members پر اپنے حلقہ نیابت کے سامنے دستخط ثبت فرمائیں گے جس کے لئے ان کے نام فرداً فرداً پکارے جائیں گے۔ تمام اراکین سے گزارش ہے کہ کھڑے ہو جائیں اپنی اپنی سیٹوں پر تاکہ حلف برداری ہو سکے جب "میں" کا لفظ پکارا جائے گا تو تمام اراکین اپنا اپنا نام لیں گے۔

(اس مرحلہ پر موجود نو منتخب اراکین اسمبلی نے رکنیت کا حلف اٹھایا)

(تالیاں)

جناب صدر نشین: جو ممبران بیچ میں آئے، اور حلف نہیں اٹھا سکے ہیں، وہ دوبارہ کھڑے ہو جائیں اور دوبارہ حلف اٹھائیں۔ جو ممبران حلف نہیں اٹھا سکے، بعد میں تشریف لائے، وہ کھڑے ہو جائیں اپنی اپنی سیٹوں پر اور دوبارہ اپنا حلف اٹھائیں یا جو بیچ میں آئے ہیں۔

(اس مرحلہ پر بعد میں آنے والے نو منتخب اراکین اسمبلی نے رکنیت کا حلف اٹھایا)

(حلف نامہ ضمیمہ میں ملاحظہ ہو)

جناب صدر نشین: معزز اراکین اسمبلی! Roll of Members پر اپنے حلقہ نیابت کے سامنے دستخط، اپنے نام کے سامنے دستخط فرمائیں گے جس کے لئے آپ کے نام فرداً فرداً پکارے جائیں گے۔ سیکرٹری اسمبلی صاحب!۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر حلف اٹھانے والے نو منتخب اراکین اسمبلی نے حاضری رجسٹر پر اپنے دستخط ثبت کئے)

(قطع کلامیاں)

جناب صدر نشین: سیکرٹری اسمبلی صاحب! ذرا یہ اے سی چیک کروائیں، اے سی چیک کروائیں، اے سی میں کوئی خرابی ہے، ممبران۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر حلف اٹھانے والے نو منتخب اراکین اسمبلی نے حاضری رجسٹر پر اپنے دستخط ثبت کئے)

(قطع کلامیاں)

جناب صدر نشین: پلیز، مہمانوں سے گزارش ہے کہ آپ خاموش رہیں، بہت اہم تقریب جاری ہے حلف برداری کی، تو خاموشی سے آپ ممبران کو دستخط کرنے دیں۔ پلیز، گیلریوں میں جتنے مہمان ہیں، خاموش رہیں اور خاموشی سے حلف وفاداری کی تقریب ہونے دیں ورنہ آپ کو پھر میں، ایک دفعہ میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ خاموشی سے یہ حلف برداری کی تقریب ہونے دیں، میں ایک دفعہ پھر تمام مہمانوں سے درخواست کرتا ہوں کہ گیلریوں میں خاموشی اختیار کریں، یہ معزز ایوان ہے یہ کوئی جلسہ گاہ نہیں ہے، تو مہربانی کر کے گیلریوں میں خاموشی اختیار کریں اور یہ تقریب جو ہے، اس کو مکمل ہونے دیں۔ دیکھیں، آپ کو بار بار ریکویسٹ کی جاتی ہے کہ ایوان میں ایوان کے تقدس کا خیال کریں اور کوئی نعرہ بازی نہ کریں، اگر آپ نے اس پر عمل درآمد نہ کیا تو گیلریاں خالی کرادی جائیں گی، ایسا نہ ہو کہ تمام گیلریاں اسمبلی سٹاف کو خالی کرانا پڑیں اس لئے خاموشی سے اس تقریب کو دیکھیں، خاموشی، خاموشی اختیار کریں، خاموشی اختیار کریں، اگر آپ خاموشی اختیار نہیں کریں گے تو پھر گیلریاں خالی کرادی جائیں گی اس لئے مہربانی کر کے خاموشی سے، یہ مقدس ایوان ہے آپ سب کو اس کی عزت کرنی چاہیئے۔ شاہ فرمان صاحب، شاہ فرمان صاحب، یہ شاہ فرمان صاحب اور شہرام خان ترکئی صاحب، شہرام خان ترکئی صاحب! آپ ہدایت کریں اپنے ورکروں کو ورنہ یہ گیلریاں خالی کرالی جائیں گی اور ہاؤس کو 'ان آرڈر' کیا جائے، خاموشی اختیار، خاموشی اختیار کریں، نگہت اور کزئی صاحبہ سے گزارش ہے، نگہت اورکزئی صاحبہ سائن کریں۔

(اس مرحلہ پر حلف اٹھانے والے نو منتخب اراکین اسمبلی نے حاضری رجسٹر پر اپنے دستخط ثبت کئے)

جناب صدر نشین: یہ معزز اراکین اسمبلی حلف نہیں اٹھا سکے ہیں، جناب منور خان صاحب، شکیل احمد صاحب، میاں جمشید الدین صاحب، پختون یار صاحب، رنگیز احمد خان صاحب، افتخار علی مشوانی صاحب، شاہ فیصل صاحب اور اس کے علاوہ بھی کوئی معزز رکن اگر حلف نہیں اٹھا سکا ہے تو وہ اپنی سیٹوں پر کھڑے ہو جائیں تاکہ دوبارہ ان سے حلف لیا جائے۔

(اس مرحلہ پر بقیہ نو منتخب اراکین اسمبلی نے رکنیت کا حلف اٹھایا)

(حلف نامہ ضمیمہ میں ملاحظہ ہو)

(اس مرحلہ پر حلف اٹھانے والے نو منتخب اراکین اسمبلی نے حاضری رجسٹر پر اپنے دستخط ثبت کئے)

(حلف اٹھانے والے تمام نو منتخب اراکین کے نام ضمیمہ نمبر 1 میں ملاحظہ ہوں)

## جناب صدر نشین کی جانب سے اعلان

جناب صدر نشین: یہ اعلان ہے، معزز اراکین اسمبلی! آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کے عہدے کے لئے انتخاب مورخہ 15 اگست 2018 مقرر کی گئی ہے، لہذا پولنگ مورخہ 15 اگست 2018 بوقت دس بجے صبح اسمبلی ہال میں شروع ہو گی۔ کاغذات نامزدگی مورخہ 14 اگست 2018 بروز منگل دفتری اوقات کار کے ختم ہونے سے قبل یعنی شام چار بجے تک سیکرٹری صوبائی اسمبلی کے پاس جمع کئے جا سکتے ہیں، نیز کاغذات نامزدگی اسی دن رات گیارہ بجے تک واپس لئے جائیں گے۔ تو چونکہ نگہت اورکزئی صاحبہ نے پوائنٹ آف آرڈر پہ بات کرنے کی اجازت مانگی ہے تو مختصر بات کریں، پھر ہاؤس Adjourn کریں گے۔ نگہت اورکزئی صاحبہ کا مائیک آن کریں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ جناب سپیکر اور آنریبل تمام ممبران! یہاں آپ سب لوگوں کو مبارکباد میں دینا چاہتی ہوں اور اختلاف رائے ہر پارٹی کا ہو سکتا ہے لیکن بات یہ ہے کہ اختلاف رائے کسی مہذب طریقے سے ہونا چاہیئے۔ آج مجھے یہاں پہ اسمبلی میں ایک سیٹ خالی نظر آرہی ہے اور وہ ہے اکرام اللہ شہید صاحب کی، جناب سپیکر! اکرام اللہ شہید جو ہیں، گنڈاپور صاحب، ہماری اس پچھلی اسمبلی میں دو بھائیوں نے شہادت دی، اس کے علاوہ مستونگ حادثہ ہوا، بشیر بلور کے بیٹے ہارون بلور پہ دھماکہ ہوا، ہم سب اس ہاؤس کی طرف سے مذمت کرتے ہیں۔ * + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + +

-----+ + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + +

جناب صدر نشین: نگہت صاحبہ!-----

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: * + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + +
+ + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + +
+ + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + + +

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کئے گئے۔

۔۔۔۔۔+ + + + + + + + + + +

جناب صدر نشین: نگہت اورکزئی صاحبہ!۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: * + + + + + + +۔۔۔۔۔

جناب صدر نشین: نگہت اورکزئی صاحبہ!۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: * + + + + + + + + + + + + + + + + + + +۔

جناب صدر نشین: تھینک یو، تھینک یو۔ ابھی جو دوران الیکشن ہمارے اس صوبے میں ہمارے دوست دھماکوں سے شہید ہوئے ہیں، ان کے لئے لطف الرحمان صاحب سے گزارش ہے، اکرام اللہ گنڈاپور صاحب اور ہارون بلور اور دیگر، تو ان کے لئے لطف الرحمان صاحب سے گزارش ہے کہ دعائے مغفرت ان کے لئے کردیں، مولانا لطف الرحمان صاحب کا مائیک آن کردیں۔

(اس مرحلہ پر انتخابات کے دوران دہشتگردی میں شہید ہونے والوں کے لئے دعائے مغفرت کی گئی)

Mr. Presiding Officer: The sitting is adjourned till 10:00 am morning, 15th August, 2018.

---

(اجلاس بروز بدھ مورخہ 15 اگست 2018ء صبح دس بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کئے گئے۔

ضمیمہ

## حلف وفاداری/رکنیت

[آرٹیکل 65اور 127]

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

میں،..............................،صدق دل سے حلف اٹھاتا ہوں کہ میں خلوص نیت سے پاکستان کا حامی اور وفادار رہوں گا:

کہ ، بحیثیت رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا، میں، اپنے فرائض و کارہائے منصبی ایمانداری، اپنی انتہائی صلاحیت اور وفاداری کے ساتھ ،اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، قانون اور اسمبلی کے قواعد کے مطابق،اور ہمیشہ پاکستان کی خود مختاری، سالمیت،استحکام، یکجہتی اور خوشحالی کی خاطر انجام دوں گا:

کہ میں اسلامی نظریہ کو برقرار رکھنے کے لئے کوشاں رہوں گا جو قیام پاکستان کی بنیاد ہے:

اور یہ کہ میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کو برقرار رکھوں گا اور اس کا تحفظ اور دفاع کروں گا:

[اللہ تعالیٰ میری مدد اور رہنمائی فرمائے(آمین)]

ضمیمہ نمبر1

## حلف اٹھانے والے نو منتخب اراکین صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

| نمبر شمار | حلقہ نیابت | اسمائے گرامی |
|---|---|---|
| 01 | پی کے۔1چترال | جناب ہدایت الرحمان |
| 02 | پی کے۔2سوات۔I | جناب شرافت علی |
| 03 | پی کے۔5سوات۔IV | جناب فضل حکیم یوسفزئی |
| 04 | پی کے۔6سوات۔V | جناب امجد علی |
| 05 | پی کے۔8سوات۔VII | جناب محب اللہ خان |
| 06 | پی کے۔9سوات۔VIII | جناب محمود خان |
| 07 | پی کے۔10اپر دیر۔I | ملک بادشاہ صالح |
| 08 | پی کے۔11اپر دیر۔II | صاحبزادہ ثناء اللہ |
| 09 | پی کے۔12اپر دیر۔III | جناب عنایت اللہ |
| 10 | پی کے۔13لوئر دیر۔I | جناب محمد اعظم خان |
| 11 | پی کے۔14لوئر دیر۔II | جناب ہمایون خان |
| 12 | پی کے۔15لوئر دیر۔III | جناب شفیع اللہ |
| 13 | پی کے۔16لوئر دیر۔IV | جناب بہادر خان |
| 14 | پی کے۔17لوئر دیر۔V | جناب لیاقت علی خان |
| 15 | پی کے۔18ملاکنڈ۔I | جناب شکیل احمد |
| 16 | پی کے۔19ملاکنڈ۔II | جناب مصور خان |
| 17 | پی کے۔20بونیر۔I | جناب ریاض خان |
| 18 | پی کے۔21بونیر۔II | سید فخر جہان |
| 19 | پی کے۔22بونیر۔III | جناب سردار حسین |
| 20 | پی کے۔24شانگلہ۔II | جناب فیصل زیب |
| 21 | پی کے۔25کوہستان | جناب محمد دیدار |

| | | |
|---|---|---|
| جناب عبدالغفار | پی کے۔26 کوہستان لوئر | 22 |
| مفتی عبید الرحمان | پی کے۔27 کولئی پالس کوہستان | 23 |
| جناب زبیر خان | پی کے۔28 بٹگرام۔I | 24 |
| جناب تاج محمد | پی کے۔29 بٹگرام۔II | 25 |
| میاں ضیاء الرحمان | پی کے۔30 مانسرہ۔I | 26 |
| جناب بابر سلیم سواتی | پی کے۔31 مانسرہ۔II | 27 |
| جناب محمد نعیم | پی کے۔32 مانسرہ۔III | 28 |
| نوابزدہ فرید صلاح الدین | پی کے۔33 مانسرہ۔IV | 29 |
| سردار محمد یوسف زمان | پی کے۔34 مانسرہ۔V | 30 |
| جناب لائق محمد خان | پی کے۔35 تورغر | 31 |
| جناب نذیر احمد عباسی | پی کے۔36 ایبٹ آباد۔I | 32 |
| سردار اورنگزیب | پی کے۔37 ایبٹ آباد۔II | 33 |
| حاجی قلندر خان لودھی | پی کے۔38 ایبٹ آباد۔III | 34 |
| جناب مشتاق احمد غنی | پی کے۔39 ایبٹ آباد۔IV | 35 |
| جناب اکبر ایوب خان | پی کے۔40 ہری پور۔I | 36 |
| جناب ارشد ایوب خان | پی کے۔41 ہری پور۔II | 37 |
| جناب فیصل زمان | پی کے۔42 ہری پور۔III | 38 |
| جناب رنگیز احمد | پی کے۔43 صوابی۔I | 39 |
| جناب عبدالکریم | پی کے۔45 صوابی۔III | 40 |
| جناب محمد علی | پی کے۔46 صوابی۔IV | 41 |
| جناب شہرام خان | پی کے۔47 صوابی۔V | 42 |
| ملک شوکت علی | پی کے۔48 مردان۔I | 43 |
| جناب طفیل انجم | پی کے۔49 مردان۔II | 44 |
| جناب محمد عاطف | پی کے۔50 مردان۔III | 45 |

| | | |
|---|---|---|
| 46 | پی کے۔51مردان۔IV | جناب عامر فرزند خان |
| 47 | پی کے۔52مردان۔V | جناب محمد ظاہر شاہ |
| 48 | پی کے۔54مردان۔VII | جناب افتخار علی |
| 49 | پی کے۔55مردان۔VIII | جناب جمشید خان |
| 50 | پی کے۔56چارسدہ۔I | جناب خالد خان |
| 51 | پی کے۔57چارسدہ۔II | جناب شکیل بشیر خان |
| 52 | پی کے۔58چارسدہ۔III | جناب سلطان محمد خان |
| 53 | پی کے۔59چارسدہ۔IV | جناب فضل شکور خان |
| 54 | پی کے۔60چارسدہ۔V | جناب محمد عارف |
| 55 | پی کے۔62نوشہرہ۔II | جناب محمد ادریس |
| 56 | پی کے۔63نوشہرہ۔III | جناب جمشید الدین |
| 57 | پی کے۔65نوشہرہ۔V | جناب خلیق الرحمان |
| 58 | پی کے۔66پشاور۔I | جناب محمود جان |
| 59 | پی کے۔67پشاور۔II | ارباب محمد وسیم خان |
| 60 | پی کے۔68پشاور۔III | ارباب جہانداد خان |
| 61 | پی کے۔69پشاور۔IV | سید محمد اشتیاق |
| 62 | پی کے۔70پشاور۔V | جناب شاہ فرمان |
| 63 | پی کے۔72پشاور۔VII | جناب فہیم احمد |
| 64 | پی کے۔73پشاور۔VIII | جناب تیمور سلیم خان |
| 65 | پی کے۔74پشاور۔IX | جناب پیر فدا محمد |
| 66 | پی کے۔75پشاور۔X | جناب واجد اللہ خان |
| 67 | پی کے۔76پشاور۔XI | جناب آصف خان |
| 68 | پی کے۔77پشاور۔XII | جناب کامران خان بنگش |
| 69 | پی کے۔79پشاور۔XIV | جناب فضل الہیٰ |

| | | |
|---|---|---|
| 70 | پی کے۔80 کوہاٹ۔I | جناب امجد خان آفریدی |
| 71 | پی کے۔81 کوہاٹ۔II | جناب شاداد خان |
| 72 | پی کے۔82 کوہاٹ۔III | جناب ضیاء اللہ خان |
| 73 | پی کے۔83 ہنگو۔I | جناب شاہ فیصل خان |
| 74 | پی کے۔84 ہنگو۔II | جناب محمد ظہور |
| 5 | پی کے۔85 کرک۔I | میاں نثار گل |
| 76 | پی کے۔86 کرک۔II | جناب ظفر اعظم |
| 77 | پی کے۔87 بنوں۔I | جناب شیر اعظم خان |
| 78 | پی کے۔88 بنوں۔II | جناب پختون یار خان |
| 79 | پی کے۔89 بنوں۔III | جناب شاہ محمد خان |
| 80 | پی کے۔90 بنوں۔IV | جناب اکرم خان درانی |
| 81 | پی کے۔91 لکی۔I | جناب منور خان |
| 82 | پی کے۔92 لکی۔II | جناب ہشام انعام اللہ خان |
| 83 | پی کے۔93 لکی۔III | جناب انور حیات خان |
| 84 | پی کے۔94 ٹانک | جناب محمود احمد خان |
| 85 | پی کے۔95 ڈی آئی خان۔I | جناب احتشام جاوید |
| 86 | پی کے۔96 ڈی آئی خان۔II | جناب احمد کنڈی |
| 87 | پی کے۔98 ڈی آئی خان۔IV | جناب لطف الرحمان |
| 88 | مخصوص نشست برائے خواتین | محترمہ ملیحہ علی اصغر خان |
| 89 | ایضاً | محترمہ عائشہ نعیم |
| 90 | ایضاً | محترمہ مومنہ باسط |
| 91 | ایضاً | محترمہ سمیرا شمس |
| 92 | ایضاً | محترمہ رابعہ بصری |
| 93 | ایضاً | محترمہ عائشہ اسد |

| | | |
|---|---|---|
| محترمہ ساجدہ حنیف | ایضاً | 94 |
| محترمہ سومی فلک ناز | ایضاً | 95 |
| محترمہ عائشہ بانو | ایضاً | 96 |
| محترمہ ستارہ آفرین | ایضاً | 97 |
| محترمہ زینت بی بی | ایضاً | 98 |
| محترمہ آسیہ صالح خٹک | ایضاً | 99 |
| محترمہ ماریہ فاطمہ | ایضاً | 100 |
| محترمہ ریحانہ اسماعیل | ایضاً | 101 |
| محترمہ حمیرا خاتون | ایضاً | 102 |
| محترمہ شگفتہ ملک | ایضاً | 103 |
| محترمہ شاہدہ | ایضاً | 104 |
| محترمہ ثوبیہ شاہد | ایضاً | 105 |
| محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی | ایضاً | 106 |
| جناب روی کمار | مخصوص نشست برائے اقلیت | 107 |
| جناب وزیرزادہ | ایضاً | 108 |
| جناب رنجیت سنگھ | ایضاً | 109 |